"زبان میری ہے بات اُن کی"

— سن ۸۳ء میں علاج کے لئے امریکہ گیا ۔ اخراجات میاں محمد شریف نے برداشت کئے ، کار بھی دی ۔

(طاہر القادری)

اور اب ساجد علی نقوی نے کیا کچھ دیا ہے — قادری صاحب — ؟

— جو ڈیرے ڈال کر بیٹھ گئے ہیں جاتے نظر نہیں آتے — (پیر پگاڑا)

مگر قبرستان میں تو بڑے بڑے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے ۔

— گندم کی قیمت میں اضافہ نہیں کیا گیا — (احسان الحق پراچہ)

گندم کی قیمت میں ۱۵ روپے بوری اضافے کا فیصلہ — (ایک خبر)

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں —

— وزیر اعظم خود کو سچی ملکہ سمجھتی ہیں ۔ وہ جھوٹ بولنے کا ریکارڈ توڑ دیں گی ۔ (الطاف حسین)

وہ جھوٹ بولیں گی اور جیت جائیں گی

میں سچ کہوں گا ، اور ہار جاؤں گا !

— طاہرہ سید اور میرے درمیان پچھلے سال طلاق ہو گئی تھی — (نعیم بخاری)

نعیم بخاری دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں تو مجھے خوشی ہو گی — (طاہرہ سید)

دشتِ وفا میں حُسن بھی مثلِ سراب تھا

کیا پوچھتے ہو عشق سے کیوں کھا گیا فریب

— نوجوان مریضہ کی شکایت پر ڈاکٹر کی پٹائی — (ایک خبر)

سٹیتھسکوپ کے غلط استعمال کا نتیجہ !

— آئین کی موجودگی میں شریعت بل کی ضرورت نہیں — (طارق رحیم)

قرآن و سنّت کی موجودگی میں کسی آئین، کسی طارق رحیم کی ضرورت نہیں۔

— سندھ سیاسی مسئلہ ہے، حکومت کی حاکمیت بحال کرائیں گے —— (جنرل بیگ)

فوج کی طرف سے سندھ کے حاکم خاندان کو پکّی نوکری کی یقین دھانی۔

— میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ فضل الرحمٰن سیاست دان نہیں، مولوی ہیں —— (اکبر بگتی)

صرف مولوی نہیں —— جمہوری مولوی ہیں۔

— کوشش کی ہے کہ پی پی سُدھر جائیں۔ جمہوریت قائم رہنی چاہیئے۔ (مخدوم خلیق الزّماں)

ہم پردیسی راہی تیرے باغ سے ہم کو لینا کیا

چھاؤں گھنیری دیکھی تھی سو آ بیٹھے سستانے کو

— ضیاء دَور میں کرپشن انتہا کو پہنچی ہوئی تھی —— (بے نظیر)

اور اب ملک میں چین کی بانسری بج رہی ہے؟ دیسی مُنہ ولایتی چپیڑ ں!

— صدر اسحاق خان، چودھری فضل الہٰی نہ بنیں —— (اعجاز الحق۔ ہمایوں اختر)

ہمایوں اعجاز، خُدا کے حوالے ہے کارواں

حکومت بھی اک فریب ہے اور راہنما فریب!

— پاکستان کو خود سوچنا چاہیئے۔ کہ مہاجروں کے ساتھ وہ کیا سلوک کر رہا ہے (دی پی سنگھ)

مسلم لیگ اور بے نظیر حکومت جواب دے۔

— میں نے پاکستان کی شدید مخالفت اور بھارت کی بھرپور حمایت کی ہے —— (سٹیفن سولارز)

پاکستان میں سولارز دوست حکومت کے مُنہ پر طمانچہ۔

— حیدرآباد کا قتلِ عام، کربلا کے بعد اسلامی تاریخ کا بدترین المیہ ہے —— (میاں عبدالخلیق)

علقمی زادوں کی حکومت میں اور کیا چاہتے ہو ——؟

— میں نے بیان دے کر غلطی کی —— (شیر افگن کی معذرت)

پھر مُسکرا کے آپ نے دیکھا مری طرف

پھر اِک ذرا سی آس پہ جینا پڑا مجھے

— حکومت پنجاب سندھ کے دہشت گردوں کو پناہ دے رہی ہے —— (شیخ رشید)

گویا آپ کی نظر میں سندھ سے جبراً نکالے جانے والے مظلوم لوگ دہشت گرد ھیں ۔

—— سندھ میں ۶ دن کے دوران ۱۱۹ افراد ھلاک ہوئے ۔ (سرکاری ترجمان)

ایک کُتّے نے یہ اپنے ساتھی کُتّے سے کہا
بھاگ ورنہ آدمی کی موت مارا جائے گا

—— اپوزیشن والے ڈیسک بجاتے رہے ۔ وزیر خزانہ بولتے رہے ۔ ادئے ادئے کی آوازیں ۔ اذان نعرۂ تکبیر ، اللہ اکبر کے نعرے بھی لگائے گئے —— (ایک خبر)

یہ ملک کی اسمبلی ہے یا جمہوری جانوروں کا باڑہ !

—— سندھ میں دوسرا مجیب پیدا ہوگیا ہے —— (بے نظیر)

جب تک آپ کے ساتھ تھا ۔ آپ کا بھائی تھا ۔

—— بیگم رعنا لیاقت علی خان انتقال کر گئیں —— (ایک خبر)

حضرت فاطمۃ الزہرہ رض کے دوپٹے کی دشمن ۔ خدا کے کٹہرے میں ۔

—— بے نظیر نے سندھ اسمبلی توڑنے سے انکار کر دیا —— (ایک خبر)

بی بی ! ماؤں کے بچوں کے خون سے ۔ اسمبلی کے ڈیموکریٹک اینیل زیادہ قیمتی نہیں ہے ۔

—— جمہوریت ناکام نہیں ہوئی پارلیمانی نظام فیل ہوا ہے ۔ اب صدارتی نظام رائج ہونا چاہیئے ۔

—— (اصغر خان)

اُٹھ نہ سکتاں تے لئی لعنت گوڈیاں کوں !

[redacted]

ڈاکٹر اللہ بخش جاوید کو صدمہ : مجلس احرار اسلام چیچاوطنی کے کارکن محترم ڈاکٹر اللہ بخش جاوید صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال فرما گئیں ، اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔
احرار کارکن اور ادارہ ڈاکٹر صاحب کے شریکِ غم ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صبر عطا فرمائے اور والدہ صاحبہ کی مغفرت فرمائے آمین ۔
مجلس احرار اسلام کے تمام کارکن خصوصاً اور قارئین مولانا غلام محی الدین اور ڈاکٹر صاحب کی والدہ ماجدہ کی مغفرت کی ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں ۔ (ادارہ)